آزاد جموں وکشمیر انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میر پور

نمبر بورڈ/انٹر/ 9257-9290 /2025 مورخہ 31-08-25

پریس ریلیز:

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ دوم/ کمپوزٹ فرسٹ اینول 2025ء کی پوزیشنز مورخہ 31 اگست 2025ء بروز اتوار بوقت 5:30 بجے شام جبکہ نتائج کا اعلان بھی آج ہی شام 7:00 بجے کیا جائے گا۔ یہ نتائج بورڈ کی ویب سائیٹ www.ajkbise.net,www.ajkbise.edu.pk پر بذریعہ رول نمبر ملاحظہ کیے جاسکیں گے۔ ریگولر امیدواران کے رزلٹ کارڈز متعلقہ سربراہان ادارہ جات کے ایڈریس پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک جبکہ پرائیویٹ امیدواران کے رزلٹ کارڈز بذریعہ عام ڈاک ان کے دیئے گئے ایڈریس پر ترسیل کیے جائیں گے۔ اے امیدواران/ادارہ جات جن کے ذمہ بقایا جات ہیں یا کسی دیگر اعتراض کی بنیاد پر ان کے نتائج موخر ہیں، کے نتائج/رزلٹ کارڈز بقایا جات کی وصولی/اعتراضات کے ساقط ہونے پر ہی واگزار کیے جائیں گے۔ اگر کسی پرائیویٹ امیدوار کو رزلٹ کارڈ نہ ملے تو نتیجے کی اشاعت کے بعد 45 دن کے اندر اندر درخواست بنام راقم (کنٹرولر امتحانات کالجز) دے کر بدوں فیس رزلٹ کارڈ حاصل کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر تحت قواعد مثنیٰ رزلٹ کارڈ کے حصول کے لیے فیس مبلغ -/1500 روپے (فیس اپنی موبائل بینکنگ یا انٹرنیٹ بینکنگ ایپ JazzCash/easypisa/HBL Konnect/(1Bill) کے ذریعے جمع کروا کر معہ -/50 روپے کے اسٹام پر (بیان حلفی) مصدقہ ہمراہ درخواست ارسال کرنا ہوگی۔

نوٹ: رزلٹ گزٹ PDF فارمیٹ میں بورڈ کی ویب سائیٹ پر موجود ہوگا جہاں سے رزلٹ دیکھا/پرنٹ کیا جاسکتا ہے۔ اس ضمن میں کسی بھی قسم کی پریشانی یا معلومات کے لیے بذیل ٹیلیفون نمبرات پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

05827-960006,960071

31-08-25

(محمد مسعود چوہدری)
کنٹرولر امتحانات کالجز
05827-960006

نقل بالا بخدمت:

1۔ پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔
2۔ محترمہ سیکریٹری صاحبہ بورڈ۔
3- سسٹم انالسٹ صاحبہ شعبہ کمپیوٹر بورڈ ہذا بغرض Upload بطور خبر۔
4۔ ڈیٹا سپروائزر صاحب شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ E-mail۔
5- فوکل پرسن بورڈ ہذا۔
6۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میر پور بغرض اشاعت درقومی اخبارات بطور خبر۔
7۔ ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میر پور، ترارکھل، مظفر آباد/ ڈائریکٹر صاحب FM ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ F/1 میر پور آزاد کشمیر۔
8۔ معزز نمائندہ پی ٹی وی/ نیوز ایجنسی اے۔ پی۔ پی۔ ساجد پلازہ میر پور۔
9۔ معزز نمائندہ جیو ٹی وی میر پور۔
10۔ معزز نمائندگان روزنامہ جنگ/نوائے وقت/خبریں/ اوصاف/محاسب/ جموں وکشمیر/ پاکستان/ شاہین/ روشنک/ عدالت/ کشمیر ٹائمز میر پور بغرض اشاعت بطور خبر۔
11۔ علاقائی رابطہ دفاتر مظفر آباد/ راولاکوٹ۔
12۔ آفس فائل/ نوٹس بورڈ/ مسل متعلقہ۔